آذربائیجان کے شہر باکو میں منعقدہ7 واں CICA سربراہی اجلاس میں بھارت کی شرکت

وزیر مملکت برائے امور خارجہ جناب کیرتی وردھن سنگھ نے آذربائیجان کے شہر باکو میں 15 اکتوبر 2026 کو منعقدہ 'کانفرنس آن انٹرایکشن اینڈ کانفیڈنس بلڈنگ میژرز اِن ایشیا' (CICA) کے 7ویں سربراہی اجلاس میں بھارتی وفد کی قیادت کی. CICA کے 7ویں سربراہی اجلاس میں رکن ممالک اکٹھے ہوئے تاکہ ایشیا میں علاقائی تعاون کو گہرا کرنے، باہمی اعتماد قائم کرنے اور امن کو فروغ دینے پر غور و خوض کیا جا سکے.

2. اس موقع پر اجلاسِ عام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر مملکت نے 'واسودیو کٹمبکم' (پوری دنیا ایک خاندان ہے) کے بھارت کے رہنما فلسفے، اور سب کو شامل کرنے والے اور اتفاقِ رائے پر مبنی کثیر الجہتی تعاون کو فروغ دینے کے پختہ عزم کو اجاگر کیا. وزیر مملکت نے CICA کی سرگرمیوں میں بھارت کی فعال شرکت کو اجاگر کیا اور CICA کے رکن ممالک پر زور دیا کہ وہ ہر قسم کی دہشت گردی کے خلاف متحد ہوں. وزیر مملکت (MoS) نے اس بات کا اعادہ کیا کہ علاقائی رابطے کے تمام منصوبے شفاف، مالی طور پر قابلِ عمل اور سب کو شامل کرنے والے ہونے چاہئے، نیز ان میں تمام رکن ممالک کی قومی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا مکمل احترام کیا جانا چاہیے.

3. CICA کے 7ویں سربراہی اجلاس میں 'باکو اعلامیہ' منظور کیا گیا، جس میں دیگر امور کے علاوہ، ایشیا میں ترقی کے حصول کی خاطر 'اعتماد سازی کے اقدامات' کے تمام پہلوؤں کے لیے باہمی رابطے ، ڈیجیٹلائزیشن اور پائیدار نمو کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہے.

4. بھارت، جو CICA کا بانی رکن ہے، اس عمل کے ساتھ بدستور وابستہ ہے؛ یہ عمل پورے ایشیا میں سب کو شامل کرنے والے مکالمے، اتفاقِ رائے پیدا کرنے اور تعاون کو فروغ دینے کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم کی حیثیت رکھتا ہے.

نئی دہلی
اکتوبر 15، 2026